## پرنٹنگ کارپوریشن کی نجکاری کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے، ایم کیو ایم لیبر ڈویژن

### ایم کیو ایم لیبر ڈویژن سے پرنٹنگ کارپوریشن پاکستان کی کراچی، اسلام آباد اور لوہر سے تعلق رکھنے والی سی بی ایز اور یونین کے عہدیداران کی ملاقات

کراچی ۔۔۔18، نومبر 2008ء ۔۔۔ پرنٹنگ کارپوریشن پاکستان کی کراچی، اسلام آباد، لاہور اور اسلام آباد ہیڈ آفس سے تعلق رکھنے والی سی بی ایز اور یونین پر مشتمل نمائندہ عہدیداران کے وفد نے متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین اور کمیٹی کے رکن اسرائیل سے ملاقات کی اور پرنٹنگ کارپوریشن کی نجکاری کے فیصلے پر ادارے کے محنت کشوں کی تشویش سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر یو ایل ایف کے اراکین تابش اختر، جاوید ہلال اور جمیل اختر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں CBA یونینز کے عہدیداران نے بتایا کہ پرنٹنگ کارپوریشن، پاکستان کا ایک منافع بخش اور حساس ادارہ ہے جس میں حکومت پاکستان کے تمام کاغذات کی چھپائی ہوتی ہے اور صرف گزشتہ 13 دن میں اس ادارے نے 26 کروڑ روپے کا منافع کمایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی نجکاری کے فیصلے سے ایک جانب محنت کشوں میں گہری تشویش پائی جارہی ہے۔ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ قادر پور گیس فیلڈ اور پاکستان اسٹیل کی طرح پرنٹنگ کارپویشن پاکستان کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے بصورت محنت کش اپنے پرامن احتجاج اور قانونی راستے اختیار کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

## بلوچستان کی سماجی شخصیت ظریف خان مندوخیل نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے 50 ہزار روپے کا امدادی چیک دیا

### بلوچستان میں بلاامتیاز رنگ ونسل امدادی سرگرمیاں سرانجام دینا ایم کیو ایم کے مشن، مقصد اور نظریئے کو سچ ثابت کرتا ہے، شکور نورزئی

کوئٹہ ۔۔۔18، نومبر 2008ء ۔۔۔ بلوچستان کی قبائلی وسماجی شخصیت ظریف خان مندوخیل اور ان کے صاحبزادے مقصود خان مندوخیل نے بلوچستان میں زلزلہ زدگان کیلئے ایم کیو ایم کی بھرپور امدادی سرگرمیوں پر کو سراہا اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے 50 ہزار روپے کا امدادی چیک پیش کیا۔ یہ چیک انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں سینئر ڈاکٹر محمد علی بروہی سے ملاقات کے موقع پر دیا اس موقع پر ایم کیو ایم سندھ، بلوچستان، پنجاب، سرحد اور آزاد کشمیر کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن الطاف زیدی اور ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی بھی موجود تھے۔ ٹھیکیدار ظریف خان مندوخیل اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی بلوچستان زلزلہ زدگان کیلئے امدادی سرگرمیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ انہوں نے امدادی سرگرمیاں انجام دینے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی امدادی ٹیموں کے ارکان سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔ بلوچستان کی سماجی، سیاسی شخصیت اور شکور سماج ویلفیئر سوسائٹی اور شکور فاؤنڈیشن کے چیئرمین شکور نورزئی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی عملی خدمت کی ہے اور بلوچستان میں زلزلہ زدگان کیلئے خیمہ بستیاں آباد کرنا، طبی و امدادی سرگرمیاں سرانجام دینا ایم کیو ایم کے مشن اور مقصد اور نظریئے کو سچ ثابت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بلا رنگ ونسل امدادی سرگرمیاں انجام دیکر ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن نے عوام کے دل جیت ہیں اور ہم شکور سماج ویلیفیئر سوسائٹی اور شکور فاؤنڈیشن کی جانب سے بھی امدادی سرگرمیاں انجام دینے پر دلی تشکر کا اظہار کرتے ہیں

## سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کے اعزاز پر ایم کیو ایم بلوچستان کے آرگنائزر آرگنائزنگ کمیٹی کی مبارکباد

### الطاف حسین کی نظر اس جوہری کی طرح ہے جو گدڑی میں لال تلاش کرلیتا ہے

کوئٹہ ۔۔۔18، نومبر 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر میر محمد یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین سٹی ناظمین شامل کرنے کے اعزاز پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی بیان میں آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کا انتخاب کرکے کراچی کو وہ ترقی وخوشحالی سے ہمکنار کیا ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت، شخصیت شناسی اور دوراندیشی ایک مرتبہ پھر ثابت ہوچکی ہے اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کا دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل ہونے کا اعزاز واضح کرتا ہے کہ جناب الطاف حسین کی نظر اس جوہری کی طرح ہے جو گدڑی میں لال تلاش کرلیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی کا یہ اعزاز بلوچستان کے عوام کیلئے باعث فخر ہے اور جس پر بلوچستان بھر کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شکر گزار ہیں۔

## محمد اسمٰعیل اور محمد فرقان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن عبدالحامد کے والد محمد اسماعیل اور کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے کارکن محمد ریحان کے والد محمد فرقان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیو ایم شعبہ خواتین کورنگی سیکٹر کی کارکن محترمہ عائشہ انتقال کر گئیں، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کی کارکن محترمہ عائشہ علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔مرحومہ کی 35 سال تھی اور انکے سوگواران میں شوہر سمیت 4 بچے شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ عائشہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے محترمہ عائشہ مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆